کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا ہے کہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان حکومت سازی کے وقت معاہدے کی پہلی شرط یہ تھی کہ ملک بھر کے سیلاب متاثرین کی بحالی پہلی ترجیح ہوگی، ایسا لگ رہا ہے اس معاملے میں بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جارہا ہے، سیلاب متاثرین کی بحالی کا منصوبہ میرا تھا، سیلاب متاثرین کو ایسے گھر بنا کر دیئے جو قدرتی آفات کا مقابلہ کرسکیں، ہم نے متاثرین کو صرف مکان نہیں دینا تھا بلکہ اپنی زمین کا مالک بنانا تھا، وفاقی اور صوبائی حکومت بھی اس میں اپنا حصہ ڈالیں تو ہم زیادہ سے زیادہ متاثرین کی مدد کرسکتے ہیں، اس منصوبہ میں بلوچستان حکومت کا حصہ شامل نہیں، صوبائی حکومت اپنا حصہ شامل کرے یہ آخری سیلاب نہیں تھا، دوبارہ بین الاقوامی داروں اور ممالک کے پاس مدد کے لئے جائیں تو وہاں یہ کہہ سکیں کہ ہم نے متاثرین کی بحالی کے وعدے پورے کیے، ملک کے وسائل پہلے ہی کم جبکہ بلوچستان کے وسائل اس سے بھی کم ہیں جتنا بھی پیسہ ملتا ہے اس کو درست طریقے سے استعمال کیا جائے، یہ بات انہوں نے پیر کو کوئٹہ میں سیلاب متاثرین میں چیکس تقسیم کرنے کی تقریب سے خطاب میں کہی۔ انہوں نے کہا کہ 2022 میں آنے والے سیلاب کے متاثرین کو امداد فراہم کرنے کیلئے موجود ہیں حالانکہ پیپلز پارٹی اور مسلم لیگ (ن) کے درمیان حکومت سازی کے وقت جو معاہدہ ہوا تھا اس کی پہلی شرط یہ تھی کہ ملک بھر کے سیلاب متاثرین کی بحالی پہلی ترجیح ہوگی اس کیلئے فنڈز کے اجراء کو یقینی بنایا جائے گا، اس منصوبہ کی تفصیلات دیکھ کر مجھے ایسا لگ رہا ہے کہ بلوچستان کے ساتھ سوتیلی ماں کا سلوک کیا جارہا ہے۔ ہم نے سارے گھر تو نہیں بنائے لیکن گھر بن رہے ہیں وہ پیسے میں نے کسی بابو یا بیوروکریٹ کے ہاتھ میں نہیں دیئے، صوبائی محکمہ منصوبہ بندی اور ترقیات اس کی نگرانی کررہا ہے، اس طریقے سے بیرون ملک وعدہ کیا ہے اس کو بھی پورا کیا جارہا ہے، یہی کام ہم بلوچستان میں کیوں نہیں کرسکتے، یہ بلوچستان کے عوام کے ساتھ ناانصافی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اگر حکومت اپنا حصہ ڈال کر دنیا کے سامنے یہ دکھاتی کہ ہم اپنا پیسہ خرچ کرنے کو تیار ہیں تو میں یقین دلاتا ہوں کہ ہم انٹرنیشنل معاشی اداروں اور ممالک سے مزید فنڈ دلا سکتے ہیں۔ این این آئی کے مطابق چیئرمین بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ جوڈیشل ریفارم کیلئے متفقہ مسودہ بنانے کی کوشش کررہے ہیں، عدالتی اصلاحات کیلئے اسٹیک ہولڈرز کی تجاویز کا خیر مقدم کریں گے، آئینی عدالت بنانے پر ابھی اتفاق رائے ہونا ہے آج جس طرح ججز کی تقرریاں ہورہی ہیں اس میں تو ریفارم کرنا پڑے گی، پہلے وکلا کی سیاست ہوتی ہے اب ججز کی سیاست ہوتی ہے۔ یہ بات انہوں نے پیر کو وزیراعلیٰ سیکرٹریٹ میں پیپلز لائرز فورم کے کنونشن سے خطاب میں کہی۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آج کے حالات میں ملک کے مسائل تو بہت زیادہ ہیں، بلوچستان وہ صوبہ ہے جہاں پوری لائرز جنریشن شہید ہوگئی۔ بلاول بھٹو زرداری کا کہنا تھا کہ محترمہ بے نظیر بھٹو اور میاں نواز شریف نے چارٹر آف ڈیموکریسی پر دستخط کیے تھے، شہید محترمہ بے نظیر بھٹو کا وعدہ ہے میں نے یہ وعدہ دل وجان سے پورا کرنا ہے ہر ضلع میں آپ رابطے کیلئے کمیٹی بنائیں، اپنی استعداد میں ہمارے بیانیے اور منشور کو آگے پھیلائیں۔ بلاول بھٹو زرداری نے کہا کہ آئینی عدالت بنائیں گے جہاں سب صوبوں کی نمائندگی ہوگی، آئینی عدالت کے حوالے سے پیپلز پارٹی ماتحادی جماعتوں، مولانا فضل الرحمان کی جماعت کا بھی موقف رہا ہے، بلاول بھٹو کا کہنا تھا میں صرف ہم خیال لوگوں سے بات نہیں کررہا بلکہ وکلاء سے بات کروں گا میں ملک بھر میں بارے بات کروں گا، لگ ایسے رہا ہے وہ مک مکا کا نظام چاہتے ہیں ہم اپنا سیاسی کیس سیاسی انداز سے لڑیں گے۔

## بلاول بھٹو کوئٹہ پہنچ گئے

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) پاکستان پیپلز پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری دو روزہ دورے پر پیر کو کوئٹہ پہنچ گئے، ایئرپورٹ پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی، سابق وزیراعلیٰ سینیٹر میر عبدالقدوس بزنجو، سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج، رکن قومی اسمبلی ملک شاہ گورگیج، ڈپٹی اسپیکر بلوچستان اسمبلی غزالہ گولہ، صوبائی وزراء میر ظہور بلیدی، میر محمد صادق عمرانی، سردارزادہ فیصل جمالی، بخت محمد کاکڑ، صوبائی مشیر میر علی حسن زہری، غلام رسول عمرانی، پارلیمانی سیکرٹری مینا مجید، میر لیاقت لہڑی، عبدالصمد گورگیج، میر اصغر رند، ارکان اسمبلی اسفند یار کاکڑ، میر عبید گورگیج، مولوی نور اللہ، سابق صوبائی وزیر حاجی علی مدد جتک، میر جنگیز جمالی، سردار سربلند جوگیزئی، روزی خان کاکڑ، ملک ذیشان، ترجمان حکومت بلوچستان شاہد رند سمیت دیگر نے ان کا استقبال کیا۔

MASHRIQ QUETTA

## بلاول بھٹو کی آغا شکیل درانی اور نواب زہری سے تعزیت

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) چیئرمین پی پی پی بلاول بھٹو زرداری نے سروے 144 میں واقع پاکستان پیپلز پارٹی کے ٹکٹ ہولڈر آغا شکیل درانی کی رہائش گاہ پر جاکر آغا شکیل درانی سے ان کی والدہ اور نواب ثناءاللہ زہری کی خوش...... بقیہ 36 صفحہ نمبر 7 پر

دامن کے انتقال پر فاتحہ خوانی اور تعزیت کرتے ہوئے ان کے لئے بلند درجات کے لئے دعا مغفرت کی۔ چیئرمین بلاول بھٹو زرداری کی سوگوار خاندان کے لئے صبر جمیل کی بھی دعا کی

**CLIPPING SERVICE**

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: Balochistan Time Quetta
01 OCT 2024

# Center pocketed $ 400m loan meant for flood victims: Bilawal

## CM Balochistan vows long-term planning to combat climate change




**Staff Report**

**QUETTA:** Chairman of the Pakistan People's Party, Bilawal Bhutto Zardari, stated that he secured a $400 million loan for flood victims, which the federal government has kept for itself.

He said that the federal share should be given to Sindh and Balochistan as they are being treated unfairly.

Whether it's the $400 million World Bank loan or ongoing World Bank projects in Sindh, or the European Union's announced aid of €700 million, Bilawal stated that he collected all this funding as Pakistan's foreign minister and made appeals for help to the world alongside the Prime Minister.

Addressing to the participants of a grant awarding and cheques distribution held here at CM secretariat Quetta for the flood affectees along with Chief Minister Balochistan Mir Sarfraz Bugti and others, Bilawal said that he contested the case for the flood stricken people of Balochistan and Sindh before the world community to raise the funding. He mentioned that housing and road restoration projects are ongoing in Sindh with the cooperation of the World Bank.

Bilawal stated that the housing project is his initiative, aimed at providing shelter to the homeless and making them landowners, with work already underway. He said the money is not being handed over to any federal or provincial bureaucrat; the provincial Department of Planning and Development is safeguarding it.

He emphasized that they have outsourced the project to ensure transparency. The project is funded by the World Bank, the Sindh government, and the federal government, with additional funds secured.

He questioned why all these promises could not be fulfilled for Balochistan, calling it an injustice to the province.

Bilawal stated that the $400 million loan he obtained from the World Bank has been kept by the federal government, which is instead providing him with rupees, claiming it will be used for projects. He criticized the federal government for not constructing a single house over the past years and urged that the flood victims be reached with the funds.

He added that if the provincial and federal governments collectively contribute to the aid for flood victims and demonstrate this internationally, he is ready to secure further funding from global financial institutions, but such collaboration is lacking.

He warned that if the government's handling of aid remains poor, international organizations will consider past behavior when providing assistance in future disasters. He called for Balochistan's funds to be included in aid and for an end to the unfair treatment of its flood victims.

Speaking on the occasion, CM Balochistan has said that long-term planning is underway to deal with the challenges of climate change in Balochistan.

He said that the international grant brought by Pakistan for relief and rehabilitation made long-term rehabilitation and support possible for the victims in Sindh and Balochistan, which was possible due to Chairman Bilawal Bhutto Zardari's personal interest.

He said that under Asif Ali Zardari's guidance, viable projects for the development of Balochistan will be brought to completion and the continuity of measures will be maintained to raise the standard of living of the common man.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2024 Page No.


# بلوچستان میں بزنس کمیونٹی کو 30 فیصد رعایت دینا ہوگی

ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ

## حکومت کی ترجیحات میں بزنس نظر نہیں آرہا، امید ہے حکمران ضرور توجہ دیں گے، پیٹرن ان چیف غلام فاروق خلجی

## بزنس کمیونٹی کو رعایت دینے سے کاروبار میں اضافہ ہوگا، روزگار کے مواقع میسر آئیں گے، ایوب مریانی ودیگر کا خطاب

کوئٹہ (آئی این پی) گورنر بلوچستان شیخ جعفر خان مندوخیل نے کہا ہے کہ صنعت وتجارت کے بغیر کسی ملک اور صوبے کی ترقی کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا۔ ان خیالات کا اظہار انہوں نے پیر کے روز ایوان صنعت و تجارت کوئٹہ بلوچستان کے سالانہ جنرل باڈی اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔ اس سے قبل چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے پیٹرن ان چیف غلام فاروق خلجی، بلا مقابلہ نومنتخب صدر حاجی ایوب مریانی، سنیئر نائب صدر حاجی اختر محمد کاکڑ، نائب صدر انجینئر میر وائس خان کاکڑ، سابق صدر حاجی عبداللہ اچکزئی، سابق سنیئر نائب صدر حاجی آغا گل خلجی اور سابق نائب صدر

بقیہ نمبر 9 صفحہ 5 پر

سید عبدالاحد آغا ودیگر نے گورنر بلوچستان کو ایوان صنعت وتجارت کوئٹہ بلوچستان آنے پر خوش آمدید کہا۔ اس موقع پر چیمبر آف کامرس کے پیٹرن ان چیف غلام فاروق خلجی نے کہا کہ چیمبر آف کامرس اینڈ انڈسٹری کوئٹہ بلوچستان کے تمام 18 ہزار ممبران ٹیکس فیلر ہیں چیمبر کے عہدیداران وممبران نے روز اول سے ہی ملک اور صوبے اور کاروباری طبقے کی مفادات کو مدنظر رکھ کر جدوجہد کی ہے۔ انہوں نے شکوہ کیا کہ موجودہ صوبائی حکومت کی ترجیحات میں بزنس نظر نہیں آرہا ہمیں امید ہے کہ اس بابت صوبائی حکمران ضرور توجہ دیں گے۔ اس موقع پر سابق صدر حاجی عبداللہ اچکزئی نے دوسالہ رپورٹ پیش کی اور بتایا کہ انہوں نے اپنی مدت کے دوران چمن بارڈر سے ایل پی جی کی درآمد شروع کرنے، بازار چہ تفتان بزنس گیٹ وے کی فعالی، بوستان اکنامک زون میں صنعتوں کیلئے بجلی ودیگر سہولیات کی فراہمی، ایئرپورٹ کے توسیعی منصوبے پر جلد کام مکمل کرنے سمیت دیگر میں کامیابی حاصل کی انہوں نے لینڈ روٹ پر 30 فیصد ٹیکسز کے چھوٹ کا بھی مطالبہ کیا اور کہا کہ اس سے صوبے کی بزنس کمیونٹی ملک کے دیگر اکائیوں کے کاروباری طبقے کا مقابلہ کرنے کے قابل ہو گی۔ اجلاس کے شرکاء سے خطاب کرتے ہوئے نومنتخب صدر حاجی ایوب مریانی نے کہا کہ ہم بوستان اسپیشل اکنامک زون، خضدار اسپیشل اکنامک زون، انڈسٹریل اسٹیٹ سرکی روڈ اور انڈسٹریل زون مشرقی بائی پاس کی ترقی اور فعالی کے نامکمل منصوبوں کو پایہ تکمیل تک پہنچانے کا کام کریں گے۔ انہوں نے کہا کہ بلوچستان میں لینڈ روٹ پر بزنس کمیونٹی کو 30 فیصد رعایت دینے کی ضرورت ہے اس سے یہاں کاروبار میں اضافہ ہوگا اور بے روزگار نوجوانوں کو روزگار کے مواقع میسر آئیں گے۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2024 Page No.


## اپنے عملے کیخلاف کسی قسم کا دھمکی آمیز رویہ برداشت نہیں کرینگے، ریکوڈک مائنگ کمپنی

### آر ڈی ایم سی اور بیرک مقامی لوگوں کیلئے روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر توجہ مرکوز کئے ہوئے ہے

نوکنڈی (این این آئی) ریکوڈک مائننگ کمپنی نے ایک بیان میں کہا ہے کہ حالیہ دنوں چاغی میں مقامی میڈیا اور سوشل میڈیا پر پھیلائی جانے والی کچھ غلط معلومات اور جھوٹے الزامات کی کمپنی وضاحت کرنا چاہتی ہے آر ڈی ایم سی پر یہ غلط الزام لگایا گیا ہے کہ اس نے بغیر کسی معقول وجہ کے پروجیکٹ کے سیفٹی ڈیپارٹمنٹ کی ایک مقامی خاتون ملازمہ کو نوکری سے نکال دیا ہے اس واقعے کے حقائق، جو بیرک

بقیہ نمبر18 صفحہ 5 پر

کے عالمی پروٹوکولز کے تحت کی گئی مکمل تحقیقات پر مبنی ہیں۔ یہ پوسٹس گمراہ کن دعوے کرتے ہیں کہ ریکوڈک مقامی ملازمتوں کو فروغ نہیں دے رہا اور ان بیانات میں ہمارے ملازمین کے خلاف دھمکی آمیز زبان استعمال کی گئی ہے۔ آر ڈی ایم سی اور بیرک ان دھمکیوں کو سنجیدگی سے لیتے ہیں اور اپنے عملے کے خلاف کسی بھی قسم کے دھمکی آمیز رویے کو برداشت نہیں کریں گے۔ آر ڈی ایم سی اور بیرک مقامی روزگار کے مواقع پیدا کرنے پر پوری توجہ مرکوز کیے ہوئے ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامه
حکومت بلوچستان

Daily: MASHRIQ QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2024 Page No.

## داعش کے بلوچستان اور خیبر پختونخوا میں تربیتی کیمپ موجود ہیں؟ ترجمان افغان حکومت کا الزام

ایک حملہ آور بلوچستان کے شہر مستونگ میں واقع داعش خراسان کے تربیتی کیمپ سے افغانستان میں دراندازہوا تھا، ذبیح اللہ مجاہد

امارت اسلامیہ کے خصوصی دستوں کے ہاتھوں شکست کے بعد داعش خراسان کے بقیہ لیڈران نے ہمسایہ ملک منتقل مکانی کی ہے

کوئٹہ (یواین اے) افغانستان طالبان حکومت کے ترجمان ذبیح اللہ مجاہد نے کہا ہے کہ داعش نے بلوچستان اور خیبر......... بقیہ 34 صفحہ نمبر 7 پر

پختونخوا میں تربیتی کیمپ قائم کر لیے ہیں۔ ذبیح اللہ مجاہد نے سوشل میڈیا پلیٹ فارم (ایکس) پر جاری ایک طویل تحریر میں لکھا کہ امارت اسلامیہ کے خصوصی دستوں نے دو ستمبر 2024 کو ڈائریکٹوریٹ آف کمپلائنس اینڈ اوورسائیٹ آف آرڈرز اینڈ ڈیکریز کے ملازمین پر حملے کے ذمہ دار باغی گروپ کے اہم ارکان کو گرفتار کر لیا ہے، اور وہ بامیان صوبے میں غیر ملکی سیاحوں پر حملہ سمیت کابل میں کئی دیگر حملوں میں ملوث ہیں۔ ذبیح اللہ مجاہد نے لکھا، اس گروپ کے خلاف کابل اور ننگرہار میں کارروائیاں کی گئی ہیں۔

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: INTEKHAB QUETTA

Bullet No. Dated: 01 OCT 2024 Page No.


# تنخواہوں کی عدم ادائیگی، اساتذہ نے کوئٹہ میں ہڑتالی کیمپ لگا لیا

**بلوچستان میں جامعات کے اساتذہ و ملازمین کو گزشتہ دو سالوں سے تنخواہوں کی ادائیگیوں میں تاخیر کی جارہی ہے**

**تنخواہوں کی عدم ادائیگی نے اساتذہ کو نان شبینہ کا محتاج بنا دیا ہے، اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں، ڈاکٹر کلیم اللہ**

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کی دو بڑی جامعات جامعہ بلوچستان اور بیوٹمز کے اساتذہ نے تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف کوئٹہ پریس کلب کے باہر علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کردیا۔ تفصیلات کے مطابق پیر کو جامعہ بلوچستان اور بیوٹمز کے ملازمین نے جامعات کے ملازمین کو تنخواہوں کی عدم ادائیگی کے خلاف مشترکہ طور پر کوئٹہ پریس کلب کے باہر علامتی بھوک ہڑتالی کیمپ قائم کردیا۔ اس موقع پر گفتگو کرتے ہوئے اکیڈمک اسٹاف ایسوسی ایشن جامعہ بلوچستان کے صدر ڈاکٹر کلیم اللہ اور بیوٹمز اسٹاف ایسوسی ایشن کے صدر سہیل بلوچ نے کہا کہ بلوچستان میں جامعات کے ملازمین کو گزشتہ دو سالوں سے تنخواہوں کی ادائیگیوں میں تاخیر کی جارہی ہے

بقیہ نمبر 24 صفحہ 5 پر

نئے مالی سال کے آغاز کے باوجود گزشتہ دو ماہ سے ملازمین کو نصف یا پھر بالکل بھی تنخواہیں ادا نہیں کی جارہیں جس سے ملازمین شدید کوفت اور اضطراب میں مبتلا ہیں۔ انہوں نے کہا کہ جامعات کے اساتذہ قوم کے مستقبل کے معمار ہیں لیکن بلوچستان میں اساتذہ کو تنخواہیں ادا نہ کرکے نان شبینہ کا محتاج بنا دیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ صوبے میں اس وقت پیپلز پارٹی کی حکومت ہے اور پارٹی کے چیئرمین بلاول بھٹو زرداری بھی کوئٹہ میں موجود ہیں پیپلز پارٹی کا انتخابی منشور تھا کہ جی ڈی پی کا 5 فیصد تعلیم کے لئے مختص کیا جائے گا تاہم اب تک ایسا اقدام نہیں اٹھایا گیا۔

## نواب رئیسانی نے بلوچستان اسمبلی کی نئی تعمیر ہونے والی بلڈنگ کی مخالفت کردی

### پرانی عمارت کی تزئین و آرائش کی جائے، سماجی شعبے پر 5 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جائے

کوئٹہ (این این اے) سابق وزیراعلیٰ بلوچستان چیف آف ساراوان نواب اسلم رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں بلوچستان اسمبلی کی نئی تعمیر ہونے والی بلڈنگ کی مخالفت کرتے ہوئے کہا ہے کہ بلوچستان حکومت کو تجویز دیتے ہوئے اس کی بجائے موجودہ عمارت کی تزئین و آرائش کی جائے اور سماجی شعبے کی بہتری پر 5 ارب روپے کی سرمایہ کاری کی جائے

## مافیا گروپس کے نوجوانوں نے عوام کی زندگی اجیرن بنادی، پشتونخوامیپ

### پولیس تھانوں میں عوام کی جانب سے گرفتار کرائے گئے اوباش نوجوان ان سے پہلے گھر پہنچ جاتے ہیں

کوئٹہ (پ ر) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی سیکرٹریٹ کے جاری کردہ پریس ریلیز میں کوئٹہ شہر کے اندر مختلف ناموں سے مافیا گروپس کے اوباش نوجوانوں نے کوئٹہ کے شہریوں کی زندگی اجیرن بنادی ہے پارٹی نے مختلف اوقات میں حکومت کو اس کی نشاندہی کرتی چلی آئی ہے لیکن حکومت نے اس پر کوئی نوٹس نہیں لیا جس سے کوئٹہ شہر میں امن وامان ختم ہوکر رہ گیا ہے کوئٹہ کے مختلف پولیس تھانوں میں عوام کی جانب سے گرفتار اوباش نوجوان ان ......... بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 73 صفحہ نمبر 7 پر

سے پہلے گھر پہنچ جاتے ہیں بدامنی کی صورتحال روز بروز ابتر ہوتی جارہی ہے اور روزگار ختم ہوتا جارہا ہے بیان میں کہا گیا ہے کہ موٹر سائیکل گروپس کی جانب سے بندتک جانیوالے خاندانوں کو تنگ کرنے کا سلسلہ جاری ہے اور صرف یہی نہیں ایسے اوباش گروپس گھر میں داخل ہوتے ہیں اور گھر کے سامان پر ہاتھ صاف کرکے نکلتے ہیں لیکن نشاندہی کے باوجود کسی بھی شخص کو گرفتار نہیں کیا جارہا

## قوم پرست جماعتوں کو قومی و جمہوری سیاست ہضم نہیں ہو رہی، علی مدد جتک

### حکومت پر کرپشن کے بے بنیاد الزامات لگا کر کھوئی ساکھ بحال کرنے کی کوشش کی ہے

کوئٹہ (پ ر) پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنما حاجی علی مدد جتک کے ترجمان نے کہا ہے کہ قوم پرست جماعتوں کو بلوچستان میں قومی و جمہوری سیاست کا فروغ ہضم نہیں ہورہی، موجودہ حکومت پر کرپشن کے بے بنیاد الزامات لگا کر کھوئی ہوئی ساکھ بحال کرنے کی ناکام کوشش کی جارہی ہے، پاکستان پیپلز پارٹی ہمیشہ سے جمہوریت اور آئین کی بالادستی کیلئے جدوجہد ......... بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

بقیہ 47 صفحہ نمبر 7 پر

کرتی آئی ہے، اب عوام کا پیسہ صوبے کی عوام پر خرچ ہوگا فرسودہ سیاسی نظام نہیں چلے گا پیپلز پارٹی کی صوبائی حکومت کی کارکردگی سے خوفزدہ ایک قوم پرست جماعت کی جانب سے بے بنیاد الزامات لگا کر عوام کو گمراہ کرنے کی کوشش کی جارہی ہے لیکن اب عوام باشعور ہوچکی ہے عوام کسی بے بنیاد پروپیگنڈہ پر یقین نہیں رکھتے بلوچستان کے باشعور لوگوں کو اچھی طرح سے یاد ہے کہ گزشتہ دور حکومت میں کس طرح سے حکومت کو بلیک میل کرکے عدم اعتماد کی تحریک لائی گئی اور وفاق میں تبدیلی میں ساتھ دینے کے بعد کس طرح وفاق و صوبے کو دونوں ہاتھوں سے لوٹا گیا

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated: 01 OCT 2024 Page No.


## آغا خالد شاہ کا زخمی بھتیجا بھی چل بسا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) سریاب کلی جیو میں تین روز قبل فائرنگ سے زخمی ہونے والا بلوچستان نیشنل پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر آغا خالد شاہ کا بھتیجا بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا پولیس کے مطابق تین روز قبل سریاب کے علاقے کلی جیو کے قریب نامعلوم افراد کی فائرنگ سے بلوچستان نیشنل پارٹی کی سینٹرل ایگزیکٹو کمیٹی کے ممبر آغا خالد شاہ جاں بحق اور ان کا بھتیجا غریب شاہ زخمی ہوئے تھے گزشتہ روز غریب شاہ بھی زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسا ہسپتال میں ضروری کارروائی کے بعد لاش ورثا کے حوالے کر دی گئی واقعے میں ہلاکتوں کی تعداد 2 ہوگئیں۔

## خضدار: فائرنگ سے 1 شخص جاں بحق

خضدار (نامہ نگار) وڈھ کے علاقہ ٹک میں نامعلوم مسلح افراد کی فائرنگ سے حاجی نور احمد شاہیزئی مینگل موقع پر جاں بحق جبکہ اس کا ساتھی زخمی ہوا۔

MASHRIQ QUETTA

## قلات، شوہر نے بیوی کا گلہ دبا کر موت کی نیند سلادیا

**تحصیل وڈھ کے علاقہ ٹک میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی ہسپتال منتقل**

**گوادر سے لڑکی نعش برآمد، نشے کی عادی تھی ورثاء کی تلاش جاری ہے، پولیس حکام**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر، این این آئی) گوادر کے علاقے سے لڑکی کی تشدد زدہ نعش برآمد کر کے ہسپتال منتقل کردی گئی پولیس کے مطابق لڑکی کا گلہ رسی سے دبا کر قتل کیا گیا تھا، مقتولہ لڑکی بنیادی طور پر رل جاو آواران کی رہائشی تھی جو گوادر کے علاقے جوہی میں نیا آباد ریک میں رہائش پزیر تھی، پولیس کے مطابق لڑکی نشئی اور منشیات کی عادی بھی......... بقیہ 77 صفحہ نمبر 7 پر

تھی، گوادر پولیس کے مطابق مقتولہ کے قاتلوں کی تلاش شروع کردی گئی ہے۔ تحصیل وڈھ کے علاقہ ٹک میں فائرنگ ایک شخص جاں بحق ایک زخمی۔ تفصیلات کے مطابق تحصیل وڈھ کے علاقہ ٹک میں فائرنگ کر کے ایک شخص کو ہلاک اور دوسرے شخص کو زخمی کردیا گیا ہے۔ جاں بحق شخص کی شناخت حاجی نور احمد شاہزئی مینگل کے نام سے ہوئی ہے۔ زخمی شخص کو سول ہسپتال وڈھ منتقل کر کے مقامی انتظامیہ تفتیش کا آغاز کردیا ہے۔ اطلاعات کے مطابق واقعہ پرانی دشمنی کا شاخسانہ بتایا جاتا ہے۔ قلات میں شوہر نے نامعلوم وجوہات کی بنا پر اپنی کا گلہ دبا کر قاتل کردیا اور موقع سے فرار ہونے میں کامیاب ہوگیا۔

## دکی، جرم ثابت ہونے پر ملزم کو عمر قید کی سزا کا حکم

دکی (یو این اے) ایڈیشنل سیشن جج دکی ضیا الرحمن کی عدالت نے قتل کا جرم ثابت ہونے پر دیور عثمان عرف عثمان غنی لونی کو عمر قید کی سزا سنادی۔ استغاثہ کے مطابق مجرم عثمان غنی لونی نے تحصیل لونی کے علاقے میں......... بقیہ 49 صفحہ نمبر 7 پر

اپنی بھابی کو فائرنگ کر کے قتل کی تھی۔ مجرم کے خلاف مقدمہ فرد نمبر 14/2023 لیویز تھانہ دکی میں قتل کے جرم 34 302 کے تحت درج کیا گیا تھا۔ سابقہ پیشی پر گواہان مکمل ہونے پر وکلا نے بحث مکمل کی تھی جسکے بعد عدالت نے فیصلہ محفوظ کرلیا تھا۔ مدعی مقدمہ شیرین لونی کی جانب سے کیس کی پیروی نواب خان ترین ایڈوکیٹ نے کی۔ عدالت نے جرم ثابت ہونے پر مجرم عثمان غنی لونی کو عمر قید اور دو لاکھ روپے جرمانے کی سزا سنائی۔ جرمانے کی عدم ادائیگی پر مجرم کو مزید قید بھگتنا ہوگی۔

# کوئٹہ میں منشیات فروشوں، ملزمان کیخلاف کریک ڈاؤن 29 گرفتار

**پناہ گاہوں میں چھپے ہوئے اشتہاری، مفرور ملزمان، قمار بازوں کے خلاف خصوصی کارروائی، 27 کلو سے زائد منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور گاڑی برآمد کرکے قبضے میں لے لیں**

**بچلاک پولیس نے حادثے کے دوران سڑک کے کنارے کھڑی گاڑی قبضے میں لیکر چیک کیا تو اس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 16 کلو چرس برآمد ہوئی، پولیس حکام**

کوئٹہ (سٹی رپورٹر) کوئٹہ پولیس نے منشیات فروشوں، اشتہاری، مفرور، قمار بازوں کے خلاف خصوصی کارروائی کے دوران 29 ملزمان کو گرفتار کر کے ان کے قبضے سے 27 کلو سے زائد منشیات، اسلحہ ایمونیشن اور گاڑی برآمد کر کے قبضے میں لے لیں ڈی آئی جی پولیس کوئٹہ اعتزاز احمد گورایہ اور ایس ایس پی آپریشن کوئٹہ محمد بلوچ کی خصوصی ہدایت پر سریاب ڈویژن پولیس تھانہ شالکوٹ کے عملے نے مفرور ملزم فدا محمد عرف عزت اللہ، علی احمد، زبیر احمد کو گرفتار کر کے 1200 گرام چرس بھی برآمد کی۔ اس کے علاوہ تھانہ شہید منظور ترین کے عملے نے لیاقت علی کے قبضے سے 2080 گرام چرس جبکہ عامر کے قبضے سے 2040 چرس برآمد کی تھانہ عبدالخالق شہید کے عملے نے بلال احمد سے 1200 گرام چرس، سیٹلائٹ ٹاؤن پولیس نے قمار بازی کے اڈے پر چھاپہ مار کر محمد عارف اور 16 دیگر ساتھیوں کو گرفتار کر کے داؤں پر لگے 36 ہزار 900 روپے اور آلات قمار بازی بھی برآمد کئے سٹی ڈویژن پولیس تھانہ سٹی کے عملے نے مفرور ملزم راحیل اس کے علاوہ تھانہ ہنہ کے عملے نے اشتہاری ملزم شہباز کو گرفتار کیا تھانہ جناح ٹاؤن کے عملے نے ملزم خدائے رحیم کو گرفتار کر کے اس کے قبضے سے 5 ہزار گرام چرس برآمد کی صدر ڈویژن میں ایئرپورٹ پولیس نے مفرور کفیل محمد کو گرفتار کیا اسی طرح نیو بچلاک پولیس نے حادثے کے دوران سڑک کے کنارے کھڑی گاڑی قبضے میں لیکر چیک کیا تو اس کے خفیہ خانوں میں چھپائی گئی 16 کلو چرس برآمد کرلئے۔ اس کے علاوہ صدر پولیس نے عارف کے قبضے سے ایک پسٹل بمعہ راؤنڈ برآمد کر کے قبضے میں لیکر گرفتار ملزمان کے خلاف الگ الگ مقدمات درج کر کے کارروائی شروع کردی۔

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No

Dated: 01 OCT 2024

Page No.


## کوئٹہ اور اسلام آباد میں پانی کا بحران خطرناک حد تک بڑھ گیا

**صوبائی دارالحکومت کے ”گھوسٹ سٹی“ بننے کا امکان، اسلام آباد کے پانی میں نائٹریٹ کی آلودگی**

اسلام آباد (اسرار خان) پاکستان کے دو بڑے شہروں کوئٹہ اور اسلام آباد میں پانی کا بحران خطرناک حد تک بڑھ رہا ہے اور عوامی صحت اور شہری زندگی کی پائیداری کے حوالے سے اس کے خطرات بڑھنے لگے ہیں۔ کوئٹہ ”گھوسٹ سٹی“ بننے کے قریب ہے کیونکہ اس کا واٹر ٹیبل گزشتہ ایک دہائی کے دوران پہلے سے مزید 300 فٹ سے بھی زیادہ نیچے گر گیا ہے۔ یہ صورتحال اتنی ابتر ہو چکی ہے کہ اگر صورتحال مزید بگڑتی ہے تو صوبائی دارالحکومت کو کسی دوسری جگہ لے جانے کا امکان موجود ہے۔ دریں اثنا اسلام آباد بھی پانی کی سنگین آلودگی سے نمٹ رہا ہے اور اس کے شہریوں کی صحت کو لاحق خطرات بڑھ گئے ہیں۔ شہر کے ملکی عہدیداروں کے مطابق پینے کے پانی میں نائٹریٹ کی موجودگی سے پیدا ہونے والا ”بلو بے بی سینڈروم“ بڑھ رہا ہے۔ کوئٹہ اور چار دیگر شہروں کو زیر زمین پانی کے حوالے سے ڈارک زونز قرار دے دیا گیا ہے اور کچھ جگہوں تک تو پانی 1200 فٹ زیر زمین ہے۔ سیکریٹری آبی وسائل سید علی مرتضیٰ نے پارلیمانی پینل کو اس حوالے سے آگاہ کرتے ہوئے بتایا کہ ”کوئٹہ گھوسٹ سٹی بننے والا ہے۔ اس کے مضافات میں اتنے ٹیوب ویل ہیں کہ جیسے چند برس کے دوران صوبائی دارالحکومت کو کسی اور مقام پر شفٹ کرنا پڑے گا۔ بتایا گیا کہ 2010 سے 2021 کے درمیان بلوچستان بھر کے اضلاع میں بڑے پیمانے پر پانی کی کمی ہوئی۔ کچھ جگہوں بشمول کوئٹہ میں پانی کی سطح جو 2010 میں 300 فٹ تھی وہ 2021 تک 600 فٹ زیر زمین ہو چکی تھی۔ اس طرح اوسطاً 30 فٹ سالانہ کے حساب سے زیر زمین پانی نیچے جا رہا ہے۔ انہوں نے مزید بتایا کہ اگر زیر زمین پانی نکالنے کا عمل بند بھی کر دیا جائے تو شہر میں واٹر ٹیبل کو مکمل طور پر بحال کرنے میں 30 برس لگیں گے۔ اگر ہم نے اس معاملے کو ابھی سے ریگولیٹ نہ کیا تو زراعت اور باغات جلد ختم ہو جائیں گے۔ سولر پاور سسٹم بھی پانی کو سطح پر نہیں لا سکیں گے۔ اس کا کوئی انجینئرنگ سلوشن نہیں ہے۔ چھوٹے ڈیمز، نہریں اور دیگر چھوٹے چھوٹے اقدامات سے فرق نہیں پڑے گا۔

## اسپیکر بلوچستان اسمبلی کے خلاف انتخابی عذرداری کی سماعت، بیان قلمبند کیا گیا

کوئٹہ (اسٹاف رپورٹر) بلوچستان ہائی کورٹ کے جسٹس عبداللہ بلوچ پر مشتمل الیکشن ٹریبونل نے اے این پی کے اصغر خان اچکزئی کی جانب سے اسپیکر بلوچستان اسمبلی عبدالخالق اچکزئی کے خلاف دائر انتخابی عذرداری کی سماعت کی۔ سماعت کے دوران اسپیکر بلوچستان اسمبلی کیپٹن ر عبدالخالق اچکزئی ٹریبونل میں پیش ہوئے۔ اور ٹریبونل نے ان کا بیان قلمبند کیا۔ اصغر خان اچکزئی کے وکلاء نے ان پر جرح کی۔ بعد ازاں سماعت ملتوی کر دی گئی۔

MASHRIQ QUETTA

## بلوچستان حکومت کا 3700 غیر فعال اسکول دوبارہ کھولنے کا فیصلہ

**اقدام کا مقصد تعلیمی نظام کو فعال کرنا اور طلبہ کی تعلیم کے مواقع بڑھانا ہے، سکول اساتذہ کی عدم دستیابی پر بند تھے**

**اساتذہ کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا، ہر ضلع میں ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی**

کوئٹہ (جنرل رپورٹر) بلوچستان حکومت نے صوبے میں 3700 غیر فعال اسکولوں کو دوبارہ کھولنے کا فیصلہ کیا ہے، جو اساتذہ کی عدم دستیابی کے باعث بند تھے۔ اس اقدام کا مقصد تعلیمی نظام کو فعال کرنا اور طلبہ کی تعلیم کے مواقع بڑھانا ہے۔ ذرائع کے مطابق بلوچستان حکومت نے 3700 غیر فعال اسکولوں کی بحالی کا منصوبہ تیار کیا ہے۔ یہ اسکولز اساتذہ کی کمی کی وجہ سے بند پڑے تھے۔ حکومت نے فیصلہ ......... بقیہ 64 صفحہ نمبر 7 پر

کیا ہے کہ اساتذہ کو کنٹریکٹ کی بنیاد پر بھرتی کیا جائے گا۔ ہر ضلع میں ڈپٹی کمشنر کی نگرانی میں ایک کمیٹی تشکیل دی جائے گی، جو اساتذہ کی بھرتی کا عمل انجام دے گی۔ اس کے علاوہ، پشین اور آواران میں 40 بند اسکولوں کو کھولنے میں کامیابی حاصل کر لی گئی ہے، جو اس بات کا ثبوت ہے کہ حکومت کی کوششیں تعلیم کے فروغ کے لیے موثر ثابت ہو رہی ہیں۔

## دہشت گردی سے نمٹنے کیلئے مشترکہ کوششوں کی ضرورت، جمال رئیسانی

**مزدوروں کے قتل کی مذمت کرتا ہوں، سوگوار خاندانوں سے تعزیت کا اظہار کرتا ہوں**

کوئٹہ (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی نوابزادہ جمال رئیسانی نے سماجی رابطے ویب سائٹ (ایکس) پر اپنے بیان میں کہا ہے کہ پنجگور میں مزدوروں کے بہیمانہ قتل کی شدید مذمت کرتا ہوں۔ ہم شہداء کے درجات کی بلندی کے لیے دعا گو ہیں اور سوگوار خاندانوں سے دلی تعزیت کا اظہار کرتے ہیں۔ بے گناہ لوگوں کا قتل انسانیت پر حملہ ہے۔ ایسے قاتل کسی رعایت کے مستحق نہیں۔ جو دہشت گرد نہتے شہریوں کو نشانہ بناتے ہیں انہیں عبرت کا نشان بنایا جائے۔

## ایڈیشنل کمشنر نے مشرقی بائی پاس روڈ پر کچرے کا نوٹس لے لیا، کیو ایف سی بی

**میٹرو پولیٹن کے عملے کو مشرقی بائی پاس مین روڈ کو کچرے سے کلیئر کرنے کا حکم دیدیا**

**کیو ایف سی بی کے کی کاوشوں کو سراہا اور تعاون کی یقین دہانی کرائی، حافظ سلام ھیار**

کوئٹہ (پ ر) ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ سبحان سلیم دشتی نے کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کی خبروں پر مشرقی بائی پاس پر کچرا پوائنٹ کے بجائے مین روڈ پر پھینکنے کا نوٹس لے لیا کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کے وائس چیئرمین حافظ عبدالسلام ھیار کے کئی دنوں سے ......... بقیہ 41 صفحہ نمبر 7 پر

سوشل اور پرنٹ میڈیا پر آوازیں وائرل ہوئیں ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ نے کوئٹہ فلاحی کونسل کے وفد کو اپنے آفس بلا کر کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کا شکریہ اور کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کی کاوشوں کو سراہا وفد کی قیادت کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کے وائس چیئرمین حافظ عبدالسلام ھیار نے کی اس موقع پر ایڈیشنل کمشنر کوئٹہ سبحان سلیم دشتی نے میٹرو پولیٹن کے عملے کو ہدایت کر دی گئی دو دن کے اندر مشرقی بائی پاس مین روڈ کو کچرے سے کلیئر کر دیا جائے۔ کمشنر کوئٹہ نے کوئٹہ فلاحی کونسل بلوچستان کے فلاحی کاموں میں تعاون کی یقین دہانی کرائی

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: AZADI QUETTA

Bullet No.

Dated 01 OCT 2024

Page No.


## بلوچستان میں قلت آب کا مسئلہ، سرکاری حکام ڈیمز کی تعداد سے لاعلم، پانی بحران سے نمٹنے کیلئے مستقبل کا پلان؟

بلوچستان میں پانی کی قلت اورزیر زمین پانی کی سطح گرنے کی بڑی وجہ غیر قانونی ٹیوب ویلز کے ساتھ ڈیمز کی بروقت تعمیر کا نہ ہونا ہے جس کی وجہ سے دارالحکومت کوئٹہ سمیت دیگر اضلاع میں پانی کی شدید قلت پیدا ہوگئی ہے جس کے باعث لوگ پینے کے پانی سے محروم ہیں جبکہ زراعت کا شعبہ بھی بری طرح متاثر ہوکر رہ گیا ہے جبکہ صوبے میں قحط کی وجہ بھی قلت آب ہے۔ گزشتہ روز سینیٹ کی قائمہ کمیٹی برائے آبی وسائل کا اجلاس سینیٹر شہادت اعوان کی زیر صدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ بلوچستان میں آبی وسائل کی مخدوش صورت حال پر بلوچستان میں زیر زمین پانی کی قلت کے حوالے سے اقدامات پر بھی بریفنگ دی گئی۔ حکام نے بتایا کہ بلوچستان میں مجموعی طور پر 18 دریا Basin ہیں، بلوچستان میں 2021 کے بعد پانی پر کوئی سروے نہیں ہوا، 2021 کے بعد وفاقی حکومت نے سروے کیلئے فنڈنگ کی ہے، کوئٹہ میں پانی کی قلت سب سے زیادہ ہے، بلوچستان میں زیر زمین پانی کی قلت کی وجہ ٹیوب ویلز بن رہے ہیں، بلوچستان میں 46 ہزار رجسٹرڈ ٹیوب ویلز ہیں، حقیقت میں بلوچستان میں ٹیوب ویلز کی تعداد لاکھوں میں ہے، بلوچستان حکام کے مطابق بلوچستان میں ہزاروں ٹیوب ویلز غیر قانونی ہیں، غیر قانونی ٹیوب ویلز سے پانی حاصل کیا جارہا ہے۔ ٹیوب ویلز کے حوالے سے 2015 کے بعد کوئی سروے نہیں ہوا۔ اجلاس کی کارروائی کے دوران بلوچستان میں ڈیمز کے غلط اعدادوشمار پیش کرنے پر چیئرمین کمیٹی برہم ہوگئے کہ کبھی آپ کہتے ہیں 64 ڈیمز ہیں کبھی 200 ڈیمز بتاتے ہیں، چیئرمین کمیٹی شہادت اعوان نے مزید کہا کہ ایک جگہ آپ نے ڈیم کی تعداد 1500 جبکہ ایک اور جگہ 4100 لکھی ہے، حتمی طور پر بتائیں بلوچستان میں کل کتنے ڈیمز ہیں۔ بلوچستان میں کل 1500 ڈیمز ہیں، کچھ پر کام جاری ہے۔ چیئرمین کمیٹی نے کہا کہ سرکاری حکام کو لگتا ہے کسی نے پرانی فائل تھمادی ہے، ایک ماہ پہلے نوٹس دیا تھا لیکن آپ تیاری کر کے نہیں آئے۔ سیکرٹری آبی وسائل نے کہا کہ سرکاری ریکارڈ کے مطابق پی ایس ڈی پی بلوچستان میں 41 پانی کے منصوبے مکمل کیے گئے ہیں، لاگت 45 ارب روپے ہے، بلوچستان میں 21 منصوبے جاری ہیں۔ بہرحال بلوچستان میں قلت آب ایک سنگین مسئلہ ہے مسلسل یہی بتایا گیا ہے کہ جلد ڈیمز تعمیر کرکے پانی بحران کا مسئلہ حل کیا جائے گا مگر تعجب کی بات ہے کہ سرکاری حکام خود ہی ڈیمز کے اعدادوشمار سے لاعلم ہیں یہ المیہ ہے کہ ایک خطہ پانی جیسے بڑے مسئلے کا شکار ہے جہاں بیشتر لوگوں کا ذریعہ معاش زراعت سے وابستہ ہے، قلت آب کی وجہ سے زراعت بری طرح متاثر ہوگئی ہے۔ کسی زمانے میں کوئٹہ کے نواحی علاقوں میں سبزیوں اور پھلوں کی پیداوار زیادہ ہوتی تھی مگر پانی بحران کے باعث بیشتر زمینیں بنجر ہوگئی ہیں، اب ان زمینوں پر کاشت کاری کی بجائے کنسٹرکشن کا کاروبار ہورہا ہے جبکہ صوبے کے دیگر اضلاع کے زمیندار قلت آب کے مسائل سے دوچار ہیں حالانکہ بارشیں زیادہ ہورہی ہیں لیکن ان کا پانی ضائع ہورہا ہے چونکہ ڈیمز میں پانی ذخیرہ کرنے سمیت دیگر ذرائع موجود نہیں جس سے پانی ضائع ہورہا ہے اور ساتھ ہی تباہی کا بھی باعث بن رہا ہے۔ بلوچستان میں ڈیمز کے اصل اعدادوشمار اب تک واضح نہیں ہیں کہ کتنے تعمیر ہوچکے ہیں اور کتنے تکمیل کے مراحل میں ہیں اور مستقبل میں قلت آب کے مسائل سے کیسے نمٹنا ہے اس کی بھی کوئی واضح پالیسی نہیں ہے۔

CLIPPING SERVICE
DIRECTORATE GENERAL OF PUBLIC RELATIONS BALOCHSITAN
نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان
Daily: Balochistan Time Quetta
Bullet No.
Dated: 01 OCT 2024 Page No.

# Mounting violence

The brutal killing of seven labourers in Panjgur district of Balochistan on Saturday has sent shockwaves across the province, highlighting the dismal law and order situation that continues to plague the region. This heinous attack is a stark reminder of the government's failure to ensure the safety and security of its citizens, particularly in Balochistan. The tragic incident, which claimed the lives of innocent labourers, is a disturbing addition to the growing list of violent attacks that have become all too familiar in Balochistan. The frequency and severity of such incidents have created an atmosphere of anxiety and restlessness, leaving the people of the province feeling vulnerable and unprotected. Balochistan, has long been beset by lawlessness, militancy, and sectarian violence. The province has been grappling with a low-level insurgency, fueled by ethnic and nationalist tensions, which has resulted in countless attacks on security forces, civilians, and infrastructure. The government's inability to effectively address the root causes of this unrest has emboldened extremist elements, allowing them to wreak havoc on innocent lives. The Panjgur attack is a grim illustration of the impunity with which perpetrators operate in Balochistan. The lack of effective policing, inadequate intelligence gathering, and the government's failure to hold perpetrators accountable have created a culture of violence and fear. The people of Balochistan are caught in the crossfire, struggling to make ends meet amidst the chaos and uncertainty. The authorities' response to the attack has been predictable condemnations, promises of investigation, and assurances of improved security. However, the people of Balochistan have heard these promises before, only to witness the cycle of violence repeat itself. It is imperative that the government moves beyond rhetoric and takes concrete actions to address the underlying issues driving this violence. The budget for maintenance of law and order was doubled this year keeping in view the law and order condition of the province but despite attacks on the parts of terrorists groups increasing fast. To restore order and stability in Balochistan, the government must increase the presence of law enforcement agencies, particularly in vulnerable areas, and provide them with necessary resources and training. Similarly, the government needs to engage with local stakeholders, including nationalist and annoyed Baloch people, to address long-standing grievances and promote reconciliation. It is essential that the government must recognize its responsibility to protect its citizens and take tangible steps to restore peace and stability in the province. It is time for urgent action, not mere words, to address the crisis in Balochistan and ensure that the province is not forever trapped in a cycle of violence and despair.

CamScanner

# CLIPPING SERVICE

DIRECTORATE
GENERAL OF PUBLIC
RELATIONS BALOCHSITAN

نظامت اعلیٰ تعلقات عامہ
حکومت بلوچستان

Daily: JANG QUETTA

Bullet No.

Dated 01 OCT 2024

Page No.



چیئرمین پیپلزپارٹی بلاول بھٹو زرداری کا کوئٹہ پہنچنے پر علی حسن زہری استقبال کر رہے ہیں